سوال

کیا حیض کی حالت میں نکاح ہو سکتا ہے ؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر عورت حیض کی حالت میں ہو تو اس سے نکاح کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے، نکاح ہو سکتا ہے لیکن ہمبستری کرنا تب جائز ہو گا جب وہ حیض سے پاک ہو گی، کیونکہ حیض کی حالت میں جماع کرنا حرام ہے۔

ارشاد باری تعالی ہے :

وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الْمَحِيضِ قُلْ هُوَ أَذًى فَاعْتَزِلُوا النِّسَاءَ فِي الْمَحِيضِ وَلَا تَقْرَبُوهُنَّ حَتَّىٰ يَطْهُرْنَ (البقرۃ:222)

اور وہ تجھ سے حیض کے متعلق پوچھتے ہیں، کہہ دے وہ ایک طرح کی گندگی ہے، سو حیض میں عورتوں سے علیحدہ رہو اور ان کے قریب نہ جاؤ، یہاں تک کہ وہ پاک ہو جائیں۔

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

شیخ عطاء الرحمن علوی